105375-قرآن کے حق کی قسم اٹھانے کا حکم

سوال

قرآن کے حق کی قسم اٹھانے کا کیا حکم ہے ؟

پسندیدہ جواب

"کسی کے لیے بھی قرآن کریم کے حق کی قسم اٹھانا جائز نہیں ہے؛ کیونکہ قرآن کریم کا ہم پر حق یہ ہے کہ ہم قرآن کریم کی تعظیم کریں، قرآن کریم کی اتباع کریں، اور ایمان لائیں کہ یہ اللہ تعالی کا کلام ہے۔ اور یہ سب کے سب کام ہمارے اپنے افعال ہیں اور یہ اصول ہے کہ مخلوق یا مخلوق کے افعال کی قسم نہیں اٹھائی جا سکتی اس لیے کہ قسم صرف اور صرف اللہ تعالی کی ذات، یا اللہ تعالی کے اسمائے حسنی یا صفات کے ذریعے ہی اٹھائی جا سکتی ہے؛ کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے : (جو کوئی بھی قسم اٹھانے والا ہو تو وہ صرف اللہ تعالی کی قسم اٹھائے، یا خاموش ہو جائے۔)
اللہ تعالی عمل کی توفیق عطا فرمائے، رحمت و سلامتی ہو ہمارے نبی محمد، آپ کی آل اور صحابہ کرام پر۔" ختم شد

الشیخ عبد العزیز بن عبد اللہ بن باز الشیخ عبد الرزاق عفیفی الشیخ عبد اللہ غدیان الشیخ عبد اللہ قعود۔

"فتاوی اللجنۃ الدائمۃ للإفتاء" (24/363)

واللہ اعلم